# The Gujranwala Chamber of Commerce & Industry

## گوجرانوالہ ایوانِ صنعت و تجارت

2367

Since 1978

Chamber Plaza, Aiwan-e-Tijarat Road, Gujranwala-Pakistan.


مجلس عاملہ کا اجلاس منعقدہ 26 اکتوبر 2023ء

کی حاضری

| | | |
|---|---|---|
| -1 | جناب ضیاء الحق | میسرز عمر فینسی اینڈ بوتیک شاپ نمبر 10 جناح بازار گوجرانوالہ |
| -2 | جناب حمیس گلزار | میسرز جی ایچ ایم پرائیویٹ لمیٹڈ طیبہ روڈ باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| -3 | جناب عادل ندیم | میسرز فجر ٹریڈنگ بلمقابل ڈاکٹر نواز گھمن گل روڈ گوجرانوالہ |
| -4 | جناب محمد شعیب بٹ | میسرز جی۔ایم انڈسٹری عالم چوک حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| -5 | جناب آفاق ایوب | میسرز سروس یونٹ (ایچ۔ایم عبداللہ اینڈ سنز' حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| -6 | جناب شاہد الرحمان | میسرز سپر فائن انڈسٹری اسلامیہ کالج روڈ نزد درزیاں والی کوٹھی محلہ اقبال گنج گلی نمبر 7 مکان نمبر 3002 گوجرانوالہ |
| -7 | جناب محمد عمران | میسرز فرحان سلک فیکٹری رتہ روڈ فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| -8 | جناب ارسلان یوسف | میسرز سپر ماسٹر سرامکس ٹرالیاں والہ گلہ عقب ایوب بیرنگ انڈسٹری اٹاوہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| -9 | جناب ساجد لطیف بٹ | میسرز ساجد میٹل ورکس باجوہ روڈ فیکٹری نمبر 80 گوجرانوالہ |
| -10 | جناب احسن محمود | میسرز عظمت پولیمرز B-16 سمال انڈسٹری اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| -11 | جناب نعیم آصف | میسرز نعیم آصف الیکٹریکل انڈسٹری شاپ نمبر 130 بزار خراداں والا گوجرانوالہ |
| -12 | جناب محمد افضل | میسرز ملک افضل میٹل سکریپ مین شیخوپورہ روڈ بلمقابل بینک نزد باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| -13 | جناب محمد ارشد | میسرز سلور سٹار میٹل کچن ویئر انڈسٹری مین شیخوپورہ گلزار کالونی عقب کھیالی پیپر بورڈ گوجرانوالہ |
| -14 | جناب عمیر پرویز | میسرز نیو ایشیاء وولن ملز 176اے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| -15 | جناب خالد تنویر | میسرز امان فلور ملز ڈھکی سندر سنگھ نزد اعوان چوک گوجرانوالہ |
| -16 | جناب شیخ محمد نعیم | میسرز ملٹی سٹیل انٹر پرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ 3-B/247 نزد دھوبی گاٹھ گراؤنڈ سیٹلائیٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |
| -17 | جناب اختر علی خان | میسرز قومی ٹریول پرائیویٹ لمیٹڈ 48 جناح سٹیڈیم سول لائنز گوجرانوالہ |
| -18 | جناب محمد مردان | میسرز عبدالحمید سٹیل غازی روڈ ایمن آباد گوجرانوالہ |
| -19 | جناب عرفات اکرام | میسرز جلال ٹیکسٹائل انڈسٹری نزد مور ایمن آباد عقب اکرام رائس ملز جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| -20 | جناب ظفر اقبال ڈار | میسرز یو ایس سٹیل سنٹر نزد امرتسر انجینئرنگ کو گوندانوالہ روڈ گوجرانوالہ |
| -21 | جناب قمر سہیل | میسرز انصاری ٹریڈرز نیلم کلاتھ مارکیٹ گلی قصاباں گوجرانوالہ |
| -22 | جناب محمد اسلم | میسرز اسلم اینڈ برادرز 82 بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ |
| -23 | جناب خواجہ عمر فاروق | میسرز خواجہ انٹر پرائزز 6 مین سول لائنز گوجرانوالہ |
| -24 | جناب فرحان سعید بھٹی | میسرز فرحان ٹریڈرز نزد بکر منڈی گلہ وقاص میٹل ورکس گوجرانوالہ |
| -25 | محترمہ اثناء صادق | میسرز ضرار انٹر پرائز A-79 سیٹلائٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |

سیکرٹری جنرل

**مجلس عاملہ کا اجلاس صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس جناب ضیاء الحق کی زیرِ صدارت مورخہ 26 اکتوبر 2023ء کو چیمبر آف کامرس میں منعقد ہوا جس میں درج ذیل ایجنڈے پر کاروائی کی گئی۔**

**1- تلاوت قرآن پاک۔**

اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کی سعادت جناب فرحان سعید بھٹی نے حاصل کی۔

**2- درود پاک کی خاموش تلاوت۔**

تلاوت کلام پاک کے بعد تمام حاضرین نے دورد پاک کی خاموش تلاوت کی۔

**3- درخواست برائے معذرت۔**

صدر جناب ضیاء الحق نے درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا پیش کرتے ہوئے پوچھا کہ کسی کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئی ہے۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ محترمہ درخشاں عمران، جناب وقاص افضل، جناب جواد بٹ اور جناب علی نواز خان اور جناب عطاء فرید کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئیں ہیں۔اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا منظور کر لیا۔

**4- گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی کاروائی (مورخہ 14 ستمبر 2023ء) کی منظوری**

صدر جناب ضیاء الحق نے گزشتہ اجلاس کی کاروائی کا ایجنڈا ہاؤس میں پیش کیا۔ہاؤس نے متفقہ طور پر گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی منظوری دے دی۔

**5- آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ ستمبر 2023ء (لف ہے)**

صدر جناب ضیاء الحق نے آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ ستمبر 2023ء کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ہاؤس نے متفقہ طور پر آمدن و اخرجات کی منظوری دے دی۔

**6- رکنیت کیلئے موصولہ درخواستوں کی منظوری**

صدر جناب ضیاء الحق نے رکنیت کیلئے ایسوسی ایٹ اور کارپوریٹ کلاسز کی موصول ہونے والی نئی ممبر شپ کی درخواستیں منظوری کیلئے ایوان میں پیش کیں ہاؤس نے متفقہ طور پر ممبر شپ کیلئے موصول ہونے والی درخواستوں کو منظور کر لیا۔

**7- چیمبر ہذا کیلئے تین سالہ پلان آف ایکٹیوٹیز کی تیاری و پچھلے سال کے پلان آف ایکٹیوٹیز پر نظر ثانی کیلئے کمیٹی کی تشکیل۔**

صدر جناب ضیاء الحق نے چیمبر ہذا کیلئے تین سالہ پلان آف ایکٹیوٹیز کی تیاری و پچھلے سال کے پلان آف ایکٹیوٹیز پر نظر ثانی کیلئے کمیٹی کی تشکیل کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔جناب آفاق ایوب نے کہا کہ جناب صدر صاحب آپ کمیٹی ضرور بنائیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ پچھلا پلان بھی ضرور دیکھ لیں۔بلکہ صدر صاحب آپ کمیٹی بنا لیتے ہاؤس میں جو تجاویز ہوتیں وہ اراکین مجلس عاملہ کے کانٹی نیو کرنے والے ممبران کو بلا کر بھی منظوری کروا سکتے تھے۔ہاؤس نے اس حوالے سے کمیٹی کی تشکیل کے اختیارات صدر صاحب کو تفویض کر دیئے۔جناب آفاق ایوب نے مزید کہا کہ صدر صاحب آفس بیررز کو ٹریڈ ایکٹ میں نئی ترمیم کے مطابق دو سال کر دیئے گئے ہیں لیکن رولز میں ایگزیکٹو کمیٹی کی مدت کی توسیع کا ذکر موجود نہیں لہٰذا لیگل ایڈوائزر کا پوائنٹ آف ویو بھی بتایا جائے۔جس پر سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ میری ڈی جی ٹی او صاحب سے بات ہوئی تھی جلد ہی ایگزیکٹو کمیٹی کی توسیع کا نوٹیفکیشن موصول ہو جائے

گا۔مزید یہ کہ ہاؤس میں موجود کانٹی نیو کرنے والے مجلس عاملہ کے اراکین ریزالو کرلیں کہ جن کا ٹنیور ختم ہو رہا ہے ان ممبران کی ڈی جی ٹی او کے نوٹیفکیشن آنے تک کی توسیع کر رہے ہیں۔ جناب خالد تنویر نے کہا کہ نئی ترمیم جب آئے گی اس کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا تب تک تمام ممبران ہاؤس کے ممبر تصور کئے جائیں۔ جناب احسن محمود نے کہا کہ ایگزیکٹیو کمیٹی پہلے آتی ہے اور آفس بیررز بعد میں آتے ہیں لہٰذا اگر آفس بیررز کی توسیع ہوگئی ہے تو ہمیں سمجھنا پڑے گا کہ ایگزیکٹیو کمیٹی کی توسیع از خود ہے لہٰذا ابھی یہ ابہام موجود ہے اس کیلئے ہمیں نوٹیفکیشن کا انتظار کرنا پڑے گا۔صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ کی ہاؤس کی موجودہ ساخت برقرار رکھی جائے جیسے ہی محترم ڈی جی ٹی او آفس سے نوٹیفکیشن موصول ہو اس کے مطابق عمل کرلیا جائے گا۔

## 7- دیگر امور

صدر جناب ضیاء الحق نے دیگر امور کا یجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ جس طرح بجلی، گیس و بیسک یوٹیلیٹیز کی قیمتیں تیزی سے بڑھ رہی ہیں اس سلسلہ میں ہمیں دوسرے چیمبرز کو بھی لکھنا چاہیئے کہ مل کر آواز بلند کریں اور احتجاجی کیمپ لگائیں۔ جناب خالد تنویر نے کہا کہ ایکوا فر چارجز کے حوالے سے بھی بزنس کمیونٹی کو مشکلات کا سامنا ہے اس سلسلہ میں بھی واسا سے بات کرنے کی ضرورت ہے۔ جناب رانا محمد اسلم نے کہا کہ واسا حکام واسا کے بل کیٹگری کے حساب سے لگائیں نہ کہ جس کو جو چاہے ڈال کر بل بھجوادیں۔ جناب عادل ندیم نے کہا کہ میں جناب احسن محمود سے گزارش کرونگا کہ واسا کے حوالے سے مختصراً آگاہ کریں۔ جناب احسن محمود نے بتایا کہ واسا سے ہم مسلسل رابطے میں ہیں سیوریج کے حوالے سے ہماری بات چل رہی ہے۔ بزنس کمیونٹی ہمیں اپنے واسا کے بل بھجوا رہی ہے ہم واسا کو بھیج کر کیٹگری ٹھیک کروا رہے ہیں یہ معاملہ کسی حد تک ٹھیک ہو رہا ہے۔ جناب فرحان سعید بھٹی نے کہا کہ بزنس کمیونٹی کیلئے پاسپورٹ آفس میں کاؤنٹر قائم کروایا گیا تھا جو کہ نئے آنیوالے اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے ختم کردیا ہے جس سے کاروباری افراد کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اس حوالے سے کوئی لائحہ عمل بنایا جائے اور ہاؤس کے علم میں بھی لایا جائے۔ جناب نعیم آصف مغل نے کہا کہ شہر میں ڈینگی کی وباء تیزی سے پھیل رہی ہے ڈی سی صاحب کو چیمبر کیطرف سے گزارش کی جائے کہ ڈینگی وائرس کی روک تھام کیلئے بہت کام کی ضرورت ہے۔ جناب فرحان سعید بھٹی نے کہا کہ میں نعیم آصف کی بات کی تائید کرونگا ہماری UC43 میں بھی لوگ بڑی تعداد میں اس وائرس کا شکار ہو رہے ہیں۔چیمبر کی طرف سے انتظامیہ کو لکھا جائے کہ ڈینگی وائرس کے خاتمہ کیلئے ممکن انتظامات کئے جائیں۔صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ میٹنگ کے فوری بعد ڈی سی صاحب کو اس کے متعلق نہ صرف آگاہ کیا جائے گا بلکہ عملی اقدامات اٹھانے کیلئے بھی کہا جائیگا۔

جناب عادل ندیم نے کہا کہ سٹاف کو ہر سال ایک تنخواہ بطور بونس دیا جاتا ہے میری ہاؤس سے گزارش ہے کہ گزشتہ روش کو برقرار رکھتے ہوئے سٹاف کے بونس کی منظوری دی جائے۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ صدر صاحب آپ کے پاس قلم کا اختیار حاصل ہے بونس ضرور دیا جانا چاہیئے لیکن میری رائے ہے کہ پروفارمنس کو بھی مدنظر رکھا جائے۔لہٰذا آپ کسی بھی سٹاف ممبر کو روٹین سے ہٹ کر اس کی پروفارمنس کی بنیاد پر زیادہ بھی بونس دے سکتے ہیں۔ جناب خالد تنویر نے کہا کہ ہر ادارے میں کوئی سٹاف کم کام کرتا ہے اور کوئی زیادہ لیکن اس کا فائدہ ادارے کو ہی ہوتا ہے۔لہٰذا میرے خیال سے بلاتفریق تمام سٹاف کو ان کی تنخواہوں کے مطابق بونس ملنا چاہیئے۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر سالانہ بونس کی روش کو برقرار رکھتے ہوئے تمام سٹاف کو بونس دینے کی منظوری دے دی۔

اس کے بعد کوئی امور زیر بحث نہ تھا لہٰذا اجلاس دعائے خیر کے بعد صدر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اختتام پذیر ہوگیا۔

محمد برہان

سیکریٹری جنرل